فوری ریلیز کے لیے: 2024/20/6 — ***KATHY HOCHUL گورنر***

گورنر HOCHUL نے ریاست بھر میں صاف بجلی فراہم کرنے کے لیے نئی بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی کی درخواست کا اعلان کیا ہے

بڑے پیمانے پر زمین پر قائم شدہ قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس کے لیے حتمی تجاویز اگست 2024 میں موصول ہوں گی

2030 تک نیو یارک کی 70 فیصد بجلی، قابل تجدید ذرائع سے حاصل کرنے کی خاطر نیو یارک کے موسمیاتی ایکٹ کے ہدف کی جانب پیش رفت کی حمایت کی جا رہی ہے

گورنر Kathy Hochul نے نیو یارک کے شہریوں کو صاف بجلی فراہم کرنے کے لیے آج قابل تجدید توانائی کی نئی بڑے پیمانے پر درخواستوں کا اعلان کیا ہے۔ نیو یارک کے 10 نکاتی ایکشن پلان کی بنیاد پر، درخواست طلبی کے اس اقدام میں نئے بڑے پیمانے پر زمین پر مبنی قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس کے ترقیاتی کام کے لیے تجاویز طلب کی جاتی ہیں جس سے توقع ہے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاری میں اربوں ڈالرز کی حوصلہ افزائی ہو گی اور ریاست کی سرسبز معیشت میں ہزاروں خاندانوں کی کفالت کرنے والی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔ آج کا اعلان، نیو یارک کے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ (Climate Leadership and Community Protection Act) کے ہدف کی جانب پیش رفت کی حمایت کرتا ہے جس کے تحت 2030 تک ریاست کی بجلی کا 70 فیصد قابل تجدید ذرائع سے حاصل کیا جائے گا۔

"نیو یارک کی جانب سے ایک صاف ستھری توانائی والی معیشت تخلیق کی جا رہی ہے جو ہمیں ہزاروں نئی اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کرنے، اربوں ڈالر کی اقتصادی ترقی کو فروغ دینے اور ہماری مقامی کمیونٹیز میں نجی سرمایہ کاری کی شمولیت کو فروغ دینے کے علاوہ اخراج کو کافی حد تک کم کرنا ممکن بنائے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ایک بار منتخب ہونے کے بعد، یہ پروجیکٹس نیو یارک کے تمام شہریوں کے فائدے کے لیے ہماری ریاست کو سستی، قابل بھروسہ، صفر اخراج والی بجلی فراہم کرنے کے متعلق ہمارے مشن کو تیز کرنے میں مدد کریں گے۔"

ریاست نیو یارک کی توانائی کی تحقیق و ترقیاتی اتھارٹی، (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کے زیرِ انتظام مسابقتی درخواستوں کا یہ عمل، زمین پر قائم شدہ بڑے پیمانے پر قابل تجدید پروجیکٹس کی خریداریوں کی ایک منصوبہ شدہ سیریز میں تازہ ترین پیش رفت ہے۔ اس درخواست کے ایک حصے کے طور پر، NYSERDA کی جانب سے قابل تجدید توانائی کے حصول کے تازہ ترین راؤنڈز سے اہم شرائط شامل کی گئی ہیں جیسے کہ افراط زر کا اشاریہ بنانا، مزدوروں کی فراہمی، اسٹیک ہولڈر کی شمولیت کے تقاضے، پروجیکٹ کے ڈیزائن میں آب و ہوا کی لچک کی اہمیت پر زور دینے والے نئے تقاضے، پسماندہ کمیونٹی کے لیے عزائم، زرعی زمین کی حفاظت، اور متعلقہ ترجیحات، تاکہ پیشگی درخواستوں میں متعارف کروائے گئے پالیسی کے مقاصد برقرار رکھے جائیں اور توانائی کی منصفانہ منتقلی یقینی بنائی جا سکے۔ درخواست کی دستاویزات میں ان عناصر کا خاکہ دیا گیا ہے اور ان کو بہت سے پختہ، آخری مراحل والے قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس کی ترقی اور تعمیر میں معاونت دینے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جو کہ قریبی مدت میں کام شروع کرنا چاہتے ہوں۔

NYSERDA کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا، "زمین پر مبنی قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹس میں پیش رفت کرتے ہوئے، نیو یارک کی جانب سے ہماری ریاست کو قابل اعتماد اور صاف توانائی کی منتقلی میں ایک رہنما کے طور پر ہماری ریاست کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ NYSERDA پُرعزم ہے کہ ہماری قابل تجدید توانائی کی پائپ لائن کو مضبوط بنانے اور مستقبل کے ہمارے گرڈ کو مزید تقویت دینے کے لیے قابل تجدید بجلی کی بڑھتی ہوئی مقدار فراہم کی جائے۔"

زمین پر قائم ہونے والے قابل تجدید ذرائع کی درخواستوں میں تجاویز جمع کروانے کا عمل دو مراحل میں انجام دیا جائے گا، جس میں اہلیت کے تقاضوں کے ساتھ جمع کروانے کی آخری تاریخ **15 جولائی 2024** ہے، تاکہ اس بات کی تصدیق ہو جائے کہ دلچسپی رکھنے والے پروجیکٹ بولی کے اہل ہیں، اور حتمی تجاویز جمع کروانے کی آخری تاریخ **8 اگست 2024** ہے۔ زمین پر قائم ہونے والے قابل تجدید ذرائع کی درخواستوں کے بارے میں مزید تفصیلات، NYSERDA کی ویب سائٹ پر [وسیع پیمانے پر قابل تجدید ذرائع کی درخواستوں کے صفحے]() پر دستیاب ہیں۔ توقع ہے کہ منتخب تجویز کنندگان کو مشروط ایوارڈ کی اطلاع ستمبر 2024 میں دی جائے گی۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ لیبر کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "نیو یارک کا صاف توانائی کا شعبہ صرف ایک پائیدار ماحول پیدا کرنے کے بارے میں ہی نہیں ہے؛ بلکہ یہاں ایک مضبوط اور لچکدار افرادی قوت کی تعمیر کے بارے میں بھی کام کیا جاتا ہے جو سرسبز معیشت میں ترقی پا سکتی ہے۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، اتنے بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی کی درخواستوں جیسے اقدامات اقتصادی ترقی کو آگے بڑھانے، اختراعی عمل کو فروغ دینے اور خاندان کی کفالت کرنے والی ہزاروں ملازمتیں فراہم کرنے کے سلسلے میں اہم ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے عبوری کمشنر Sean Mahar نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت کے ذریعے، ریاست نیو یارک کی جانب سے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے تحت اپنے قابل تجدید توانائی کے اہداف پورے کرنے اور مستقبل کی صاف توانائی والی معیشت بنانے کے لیے اپنی اسٹریٹجک کوششیں آگے بڑھائی جا رہی ہیں۔ آج کا اعلان بڑے پیمانے پر ونڈ اور سولر پروجیکٹس کو وسعت دینے اور معدنی ایندھن پر ہمارے انحصار کو کم کرنے کی خاطر ریاست کے عزم کو ظاہر کرتا ہے، جس سے آنے والی نسلوں کے لیے ایک صاف ستھرا اور صحت مند ماحول یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔"

ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس کے کمشنر Richard A. Ball نے کہا، "ایک بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی کی نئی درخواستوں کے بارے میں آج کا اعلان، نیو یارک کی صاف توانائی کی جانب منتقلی میں ایک اہم قدم ہے، جس کے نتیجے میں ہمارے قدرتی وسائل محفوظ رکھے جائیں گے اور آب و ہوا کے اپنے جرات مندانہ اہداف پورے کرنے میں نیو یارک کی مدد کی جائے گی۔ زرعی اراضی کے تحفظ کے لیے اہم شرائط کے ساتھ، NYSERDA کے 10 نکاتی پلان سے ریاست کو ایک سرسبز معیشت کے لیے بنیاد فراہم کرنے میں مدد ملے گی اور یہ بات بھی یقینی بنائی جائے گی کہ ہم اپنے کھیتوں کی حفاظت کر رہے ہیں۔"

سینیٹ کے توانائی اور ٹیلی مواصلات کے صدر، ریاستی سینیٹر Kevin Parker نے کہا، "گورنر Hochul کا، نئے بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی کی درخواستوں کا اعلان، ایک پائیدار مستقبل کی خاطر نیو یارک کے عزم میں ایک اہم قدم کی نشاندہی کرتا ہے۔ ونڈ اور سولر بجلی کی جانب اپنی منتقلی میں تیزی لاتے ہوئے، ہم نہ صرف 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید بجلی کے اپنے جرات مندانہ موسمیاتی ایکٹ کے ہدف کی طرف پیش قدمی کر رہے ہیں، بلکہ ریاست بھر میں معاشی ترقی اور سبز ملازمتیں بھی پیدا کر رہے ہیں۔ یہ اقدام ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے میں نیو یارک کی قیادت کی تصدیق کرتا ہے اور دوسری ریاستوں کے لیے ایک طاقتور مثال قائم کرتا ہے۔"

ریاستی سینیٹر Peter Harckham نے کہا، "نیو یارک کے صاف توانائی کے اہداف کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں اس درخواست کی قیادت کرنے پر، گورنر Hochul، آپ کا شکریہ۔ انتظامیہ اور مقننہ، صاف ستھری قابل تجدید توانائی کے ذریعے ایک پائیدار مستقبل کی تعمیر کے لیے بالکل تیار ہیں۔ یہ بات نوٹ کرنا اہم ہے کہ ایک کلو واٹ صاف توانائی پیدا کرنا، اب ایک کلو واٹ کاربن پر مبنی توانائی کے مقابلے میں سستی ہے۔ ان بڑے پیمانے والے قابل

تجدید توانائی کے پروجیکٹس کے ساتھ، ہم موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹ رہے ہیں، شرح پر ٹیکس دہندگان کے پیسے بچائے جا رہے ہیں اور نئی سبز ملازمتیں پیدا کی جا رہی ہیں۔"

رکن اسمبلی Deborah Glick نے کہا، "چونکہ موسم گرما کی گرمی پہلے ہی ہمارے اوپر چھا چکی ہے، تو یہ بات انتہائی واضح ہے کہ ہمیں قابل تجدید ذرائع سے اپنی زیادہ سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کے سلسلے میں کوئی وقت ضائع نہیں کرنا چاہیئے۔ میں معدنی ایندھن سے پیدا ہونے والی بجلی پر اپنے انحصار کو ختم کرنے کی خاطر ایک پرزور منصوبے پر عمل درآمد کرنے پر گورنر Hochul کو سراہتی ہوں۔ ریاست نیو یارک کی جانب سے پیش رفت ہونی چاہیئے اور گورنر صاحبہ کے اس عزم کے ساتھ ہم قابل تجدید توانائی کی توسیع کے ذریعے، ایک صاف ستھرے ماحول کی جانب منتقلی کے عمل کا مشاہدہ کریں گے۔"

اتحاد برائے صاف ستھری توانائی نیو یارک کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Marguerite Wells نے کہا، "نجی قابل تجدید توانائی کے ڈویلپرز، نیو یارک میں کئی بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری کرنے کے لیے تیار اور خواہشمند ہیں، جو ہماری مقامی میونسپلٹیز کے لیے ملازمتیں اور ٹیکس کی آمدن فراہم کرتے ہیں۔ ہمیں اس RFP پر متعدد معیاری ردعمل کی توقع ہے، اور ہم NYSERDA کے ایوارڈ دینے والے پروجیکٹس کے منتظر ہیں جنہیں نیو یارک کے شہریوں کو جلد از جلد فوائد پہنچانے کے لیے تیزی سے تعمیر کیا جائے گا۔"

نیو یارک لیگ آف کنزرویشن ووٹرز کی صدر Julie Tighe نے کہا، "چونکہ ہم ریکارڈ توڑ گرمی اور ہوا کے معیار کے الرٹس کے ساتھ ایک اور موسم گرما میں داخل ہونے کی توقع کر رہے ہیں، لہٰذا موسمیاتی بحران سے نمٹنے کی فوری ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ واضح ہو چکی ہے۔ یہ معدنی ایندھن سے منتقلی اور صاف توانائی فراہم کرنے کا ہی وقت ہے، اور یہ درخواستیں ایسا کرنے میں مدد کریں گی۔ ہم اس پیش رفت پر گورنر Hochul اور NYSERDA کو سراہتے ہیں، کیونکہ زمین پر قائم شدہ ونڈ اور سولر توانائی کے زیادہ پروجیکٹس کا مطلب ہے کہ گرین ہاؤس گیسوں کا کم اخراج ہو گا اور نیو یارک کے شہریوں کے لیے ہوا کے معیار میں بہتری لائی جائے گی۔"

ریاست نیو یارک AFL-CIO کے صدر Mario Cilento نے کہا، "آج کا اعلان نیو یارک کے صاف توانائی کے اہداف کے حصول کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ہم اس امر کو یقینی بنانے پر گورنر Hochul اور NYSERDA کو سراہتے ہیں کہ یہ پروجیکٹس لیبر کے مثالی قائم کرنے والے معیارات اور تحفظات کے مطابق بنائے جائیں گے۔ ہم ان معیارات کے ساتھ گھریلو اور نیو یارک کے مواد کی ضروریات اور ترجیحات کے زیادہ سے زیادہ اطلاق کو یقینی بنانے کے لیے مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں تاکہ ہم نیو یارک کے صاف توانائی کے مستقبل کی تعمیر کے ساتھ خاندان کی کفالت کرنے والے کیریئرز بنا سکیں۔"

ریاست نیو یارک بلڈنگ ٹریڈز کے صدر Gary LaBarbera نے کہا، "جیسا کہ نیو یارک کی جانب سے CLCPA کے طے کردہ توانائی کے اہداف کی مسلسل پیروی کی جا رہی ہے، تو ہمیں چاہیئے کہ ہم بڑے پیمانے پر ونڈ اور سولر کے ترقیاتی کاموں کو آگے بڑھائیں جو خاندانوں کی کفالت کرنے والے ہزاروں یونین کیریئرز اور ہماری مقامی کمیونٹیز میں اقتصادی محرک پیدا کرتے ہیں۔ ہم ان اقدامات کو آگے بڑھانے پر گورنر Hochul کی تعریف کرتے ہیں جو نیو یارک کے مزید کئی شہریوں کو قابل اعتماد، قابل تجدید توانائی کی فراہمی میں اور آنے والی نسلوں کے لیے ہماری ریاست میں حالاتِ زندگی کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوں گے۔ ہمارے اراکین ان پروجیکٹس میں حصہ ڈالنے اور متوسط طبقے کے لیے ان راستوں کو آگے بڑھانے کا موقع حاصل کرنے کے منتظر ہیں۔"

قومی وسائل کی دفاعی کونسل کے ڈائریکٹر Jackson Morris نے کہا، "اگست 2024 میں متوقع تجاویز کے ساتھ، بڑے پیمانے پر قابل تجدید توانائی کے نئے پروجیکٹس کے لیے 2024 کی درخواست کے عمل کا آغاز، امپائر ونڈ 1 اور سن رائز ونڈ کے لیے کامیاب ماورائے ساحل ونڈ ایوارڈز کی رفتار پر مبنی ہے اور منسوخ شدہ پروجیکٹس کو تبدیل کرنے کا ایک اہم موقع فراہم کرتا ہے تاکہ 2030 تک ہمارے 70% قابل تجدید بجلی کے جرات مندانہ ہدف کو پورا کرنے کے لیے نیو یارک درست راہ پر گامزن رہے۔ ان قابل تجدید پروجیکٹس میں تیزی لانے سے صاف توانائی کے مستقبل کی خاطر نیو یارک کا عزم واضح ہو جاتا ہے اور اس کے نتیجے میں نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے صاف ستھری ہوا، بہتر ملازمتیں اور صحت مند ماحول حاصل ہو گا۔"

امریکی کلین پاور کی ڈائریکٹر برائے ایسٹرن اسٹیٹ افیئرز ڈائریکٹر Moira Cyphers نے کہا، "ہم ریاست نیو یارک کے صاف توانائی کے اہداف کو درست سمت میں گامزن رکھنے کے لیے NYSERDA کی ردعمل پر مبنی اور فعال کوششوں کی تعریف کرتے ہیں۔ صاف توانائی کے حصول میں تیزی لانے کے لیے اہم پیش رفت کو آگے بڑھانے میں، گورنر Hochul کی قیادت اہمیت رکھتی ہے جو ریاست بھر میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع کی حوصلہ افزائی کرے گی اور اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کرے گی۔"

سٹیزنز کیمپین برائے ماحولیات کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Adrienne Esposito نے کہا، "گورنر Hochul کا یہ دلچسپ اعلان نیو یارک کے قابل تجدید توانائی کے شعبے کے لیے ایک اور بھرپور اضافہ ہے! ہم ریاست کے قابل تجدید توانائی کے موسمیاتی ایکٹ کے اہداف کو صرف نئے بڑے پیمانے پر ونڈ اور سولر پروجیکٹس کو آگے بڑھا کر ہی پورا کریں گے۔ اس ہفتے جون کے وسط میں گرمی کی لہر، پورے نیو یارک میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا ایک اور واضح اشارہ ہے جس کی وجہ گندے معدنی ایندھن پر ہمارا مسلسل انحصار کرنا ہے۔ ہمیں اپنی توانائی کی پیداوار کی منتقلی پر کام کرنا چاہیئے اور زمین پر قائم شدہ ونڈ اور سولر توانائی کے پروجیکٹس اس منتقلی کا ایک اہم جزو ہیں۔ آج کا اعلان موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹتے ہوئے، معیشت کو تقویت دینے، اور ہزاروں سرسبز ملازمتیں پیدا کرنے کے دوران ہی تمام شہریوں کو صاف ستھری سستی توانائی فراہم کرنے کے سلسلے میں ریاست کے عزم کی مثال قائم کرتا ہے۔ نیو یارک کا صاف توانائی والا مستقبل روشن نظر آ رہا ہے۔"

نیو یارک سولر انرجی انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Noah Ginsburg نے کہا، "چونکہ ریاست بھر میں نیو یارک کے شہری شدید گرمی اور بجلی کے بڑھتے ہوئے بلوں سے بےحال ہیں، لہٰذا قابل تجدید توانائی کی تنصیبات میں تیزی لانا اب بہت زیادہ ضروری ہو چکا ہے۔ نیو یارک سولر انرجی انڈسٹریز ایسوسی ایشن کی جانب سے NYSERDA اور گورنر Hochul کے موسمیاتی ایکٹ میں صاف توانائی اور ایکویٹی مینڈیٹ کے حصول کی خاطر ان کے عزم کی ستائش کی جاتی ہے۔ سولر توانائی کی تنصیب کا پیمانہ بڑھانا ہی نیو یارک کی توانائی کی منتقلی کی بنیاد ہے، اور ہماری رکن کمپنیاں اور سولر افرادی قوت اس کام کے لیے تیار ہیں۔"

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ
ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 61 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 28$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 3$ بلین سے زائد، اورNY Green Bank کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 رجسٹر شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں

مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں